صرف احمدی احباب کی تعلیم و تربیت کے لئے

ہفتہ 11 جولائی 2015ء

روزنامہ

FR-10

1913ء سے جاری شدہ

الفضل

The ALFAZL Daily

ٹیلی فون نمبر 047-6213029

web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

ہفتہ 11 جولائی 2015ء 23 رمضان 1436 ہجری 11 وفا 1394 ہش جلد 65-100 نمبر 159

رمضان میں انفاق فی سبیل اللہ

حضرت ابن عباسؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ لوگوں میں سب سے زیادہ سخی تھے اور رمضان میں تو آپ کی سخاوت پہلے سے بھی بڑھ جایا کرتی تھی اور آپؐ تیز ہواؤں سے بھی زیادہ جودوسخا کیا کرتے تھے۔

(صحیح بخاری کتاب بدء الوحی حدیث نمبر5)

ارشادات عالیہ حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

بعض لوگ ایسے بھی ہیں جو ضرورت سے زیادہ سختی اپنے اوپر وارد کرتے ہیں یا وارد کرنے کی کوشش کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ آج کل کا سفر کوئی سفر نہیں ہے اس لئے روزہ رکھنا جائز ہے۔ آپ نے یہی وضاحت فرمائی ہے کہ نیکی یہ نہیں ہے کہ زبردستی اپنے آپ کو تکلیف میں ڈالا جائے بلکہ نیکی یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے احکامات کی پابندی کی جائے اور اپنی طرف سے تاویلیں اور تشریحیں نہ بنائی جائیں۔ جو واضح حکم ہیں ان پر عمل کرنا چاہئے۔ اور یہ بڑا واضح حکم ہے کہ مریض اور مسافر روزہ نہ رکھے۔ تو برکت اسی میں ہے کہ تعمیل کی جائے نہ کہ زبردستی اللہ تعالیٰ کو راضی کرنے کی کوشش کی جائے۔

ایک روایت میں آتا ہے: ''حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ایک شخص نے رمضان کے مہینے میں سفر کی حالت میں روزہ اور نماز کے بارے میں دریافت کیا۔ اس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا رمضان میں سفر کی حالت میں روزہ نہ رکھو۔ اس پر اس شخص نے کہا یا رسول اللہ! میں روزہ رکھنے کی طاقت رکھتا ہوں۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے کہا اَنْتَ اَقْوٰی اَمِ اللّٰہ؟ یعنی تو زیادہ طاقتور ہے یا اللہ؟ یقیناً اللہ تعالیٰ نے میری امت کے مریضوں اور مسافروں کے لئے رمضان میں سفر کی حالت میں روزہ نہ رکھنے کو بطور صدقہ ایک رعایت قرار دیا ہے۔ کیا تم میں سے کوئی یہ پسند کرتا ہے کہ وہ تم میں سے کسی کو کوئی چیز صدقہ دے پھر وہ اس چیز کو صدقہ دینے والے کو واپس لوٹا دے۔'' (المصنف للحافظ الکبیر ابی ابکر عبدالرزاق بن ھمام الصنعانی الجزء الثانی صفحہ 565 باب الصیام فی السفر) تو یہ تو اللہ تعالیٰ کی طرف سے صدقہ مل رہا ہے۔

پھر اللہ تعالیٰ نے ہمیں یہ ہدایت دی کہ قرآن جو کہ ایک کامل اور مکمل شرعی کتاب ہے، اس مہینے میں اتاری گئی ہے۔ ایک حدیث میں آتا ہے کہ حضرت جبرائیل علیہ السلام ہر سال جتنا قرآن نازل ہوا ہوتا تھا رمضان میں اس کی دوہرائی کرواتے تھے۔ اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات سے پہلے جو رمضان تھا اس میں دو دفعہ دوہرائی کروائی گئی۔ تو بتایا کہ اس میں ایک عظیم ہدایت ہے اس لئے تم بھی اس مہینے میں اس کو غور سے پڑھا کرو۔ ویسے تو پڑھنا ہی ہے لیکن اس مہینے میں خاص طور پر اس طرف توجہ دو، اس کی تلاوت کرو، اس کا ترجمہ پڑھو۔ اور جہاں جہاں درس کا انتظام ہے وہاں لوگ درس بھی سنیں۔ کیونکہ بعض باتوں کا ہر ایک کو پتہ نہیں لگ رہا ہوتا۔ تو تمہیں اس کا گہرا فہم، ادراک اور سمجھ بوجھ حاصل ہوگی۔ اور تمام امور اور تمام احکامات کی وضاحت ہوگی جن کو تم اپنی زندگیوں کا حصہ بنا سکتے ہو۔ دوسری آیت میں بھی دوبارہ تاکید کی گئی ہے کہ روزے رکھو اور مسافر اور مریض ان دنوں میں روزے نہ رکھیں اور بعد میں پورے کریں۔ اور اللہ تعالیٰ کے فضلوں کا اور جو تم پر اس کے انعامات ہیں ان کا شکر ادا کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ کے سامنے جھکو، اس کے شکرگزار بندے بنو اور یہ شکرگزاری بھی تمہیں نیکیوں میں بڑھائے گی اور تقویٰ میں بڑھائے گی۔

(خطبہ جمعہ فرمودہ 15-اکتوبر 2004ء، الفضل 11-اکتوبر 2005ء)

حضور انور کا خطبہ عید الفطر

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز مورخہ 19 جولائی 2015ء بروز اتوار بیت الفتوح لندن میں خطبہ عید الفطر ارشاد فرمائیں گے۔ جو پاکستانی وقت کے مطابق دوپہر 2:30 بجے ایم ٹی اے انٹرنیشنل پر لائیو نشر کیا جائے گا۔ احباب اس سے بھرپور استفادہ فرمائیں۔

خطبہ عید سے نصف گھنٹہ قبل عید سپیشل ٹرانسمیشن شروع ہوگی جو خطبہ عید کے تین گھنٹہ بعد تک جاری رہے گی۔

دعائیہ فہرست چندہ تحریک جدید

احباب جماعت کی خدمت میں بطور یاددہانی درخواست ہے کہ حسب روایت 27 رمضان المبارک تک چندہ تحریک جدید کی 100% ادائیگی کرنے والوں کے نام حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کی خدمت اقدس میں دعا کی غرض سے روانہ کردیئے جائیں گے۔ احباب اپنے وعدہ جات تحریک جدید کی جلد تکمیل فرمائیں، نیز اپنے گھروں میں خواتین اور بچوں کو بھی شامل ہونے کی تحریک کریں۔

علاوہ ازیں عہدیداران جماعت امراء / صدران جماعت، سیکرٹریان تحریک جدید سے گزارش ہے کہ 27 رمضان المبارک بمطابق 15 جولائی 2015ء بذریعہ فیکس کوریئر یا دستی جس طرح بھی ممکن ہو دعائیہ فہرستیں دفتر پہنچا کر ممنون فرمائیں۔ درخواست ہے کہ 27 رمضان المبارک تک فہرستیں ضرور بھجوادیں تاخیر نہ کریں۔

(وکیل المال اول تحریک جدید ربوہ)

درخواست دعا

مختلف جگہوں پر بعض احمدی افراد مختلف مقدمات میں ملوث ہیں ان افراد جماعت کی باعزت بریت کیلئے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان احباب کی قربانی قبول فرمائے اور ہر قسم کے شر سے محفوظ رکھے۔ آمین

پبلشر و پرنٹر: طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ .... مطبع: ضیاء الاسلام پریس .... مقام اشاعت: دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ .... قیمت 5 روپے

مرسلہ: نظارت اصلاح وارشاد مرکزیہ

خطبات امام وقت سوال وجواب کی شکل میں

بسلسلہ تعمیل فیصلہ جات مجلس شوریٰ 2013ء

خطبہ جمعہ 12 جون 2015ء

س: حضرت مسیح موعود نے خدا تعالیٰ کی محبت اور فرمانبرداری پیدا کرنے کی بابت کیا بیان فرمایا؟

ج: حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں کہ یادرکھو انسان کو چاہئے کہ ہر وقت اور ہر حالت میں دعا کا طالب رہے اور دوسرے اما بنعمت ربک فحدث پر عمل کرے۔ فرمایا خدا تعالیٰ کی عطا کردہ نعمتوں کی تحدیث کرنی چاہئے۔ اس سے خدا تعالیٰ کی محبت بڑھتی ہے اور اس کی اطاعت اور فرمانبرداری کے لئے ایک جوش پیدا ہوتا ہے۔

س: حضور انور نے دورہ جرمنی کا ذکر فرماتے ہوئے احباب جماعت کو کس اہم امر کی طرف توجہ دلائی؟

ج: فرمایا! اللہ تعالیٰ کے فضلوں کے نظارے تو ہم روز دیکھتے ہیں۔ لیکن جب میں سفر پر جاتا ہوں تو اللہ تعالیٰ کے فضل کئی گنا زیادہ بڑھ کر ہوتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے پروگراموں میں برکت ڈالتا ہے اور دعوت الی اللہ اور دین حق کا حقیقی پیغام بھی بڑی کثرت سے لوگوں کو پہنچتا ہے اور پھر لوگوں پر اس کا اثر بھی ہوتا ہے۔ گزشتہ دنوں جرمنی کے دورے پر جب گیا ہوں تو اصل مقصد تو جلسہ سالانہ جرمنی میں شمولیت تھی لیکن اس کے ساتھ ہی خدا تعالیٰ خود ہی ایسے پروگرام بھی کروا دیتا ہے جو دین حق کے حقیقی تعارف اور تعلیم کو لوگوں تک پہنچانے کا ذریعہ بن جاتا ہے۔ جرمنی کے جلسے اور دوسرے پروگراموں میں جس طرح اللہ تعالیٰ کے فضل ہوئے اور احمدیت کا پیغام ان دنوں میں وسیع پیمانے پر ملک کے وسیع حصے میں پھیلا ہے یہ ہمیں اس طرف توجہ دلاتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی ان نعمتوں کا ذکر کیا جائے اور خاص طور پر جرمنی جماعت کو بہت زیادہ شکرگزار ہونا چاہئے اور ان فضلوں پر شکرگزاری کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ کے حضور مزید جھکنا چاہئے تاکہ اللہ تعالیٰ کے فضل بڑھتے چلے جائیں۔

س: جلسہ سالانہ جرمنی میں کن ممالک کے افراد شامل ہوئے؟

ج: فرمایا! اس سال بھی جلسہ سالانہ جرمنی میں شمولیت کے لئے میسیڈونیا، بوسنیا، کوسووو، مونٹی نیگرو، بلغاریہ، البانیا، لیٹویا، رشیا، ہنگری، لتھوینیا، کروشیا اور سلووینیا کے ممالک سے وفود آئے تھے۔ اسی طرح ہمسایہ یورپ ملک جو ہیں بیلجیم ہالینڈ فرانس سویڈن سپین اٹلی یہاں سے بھی نومبائعین اور غیراز جماعت مہمان آئے۔ اسی طرح جرمنی میں آباد رشین ممالک اور ترکی کے احمدی اور غیراز جماعت احباب بھی بڑی تعداد میں شامل ہوئے۔

س: حضور انور نے البانیا کی ایک خاتون کا قبولیت احمدیت کا کون سا واقعہ بیان فرمایا؟

ج: فرمایا! البانیا سے ایک دوست اروین جیپا (Ervin Xhepa) صاحب اپنی اہلیہ کے ساتھ جلسہ میں شامل ہوئے یہ دونوں قانون کے شعبے سے منسلک ہیں خود تو احمدی ہیں ان کی اہلیہ نے جلسے میں شمولیت سے پہلے بیعت نہیں کی تھی لیکن جلسے میں شامل ہو کر اور بعد میں ملاقات کر کے انہوں نے بھی بیعت کر لی اور یہ کہنے لگیں کہ جلسے کے تجربات نہایت غیرمعمولی تھے جس سے محبت اخلاص اور بے لوث خدمت کا مظاہرہ انہوں نے دیکھا۔ کہتی ہیں اس کا میرے دل پر بڑا غیرمعمولی اثر ہوا۔ آج کامل یقین سے جماعت احمدیہ کو قبول کرتی ہوں۔

س: میسیڈونیا سے آنے والے مہمانوں نے اپنے تأثرات کا اظہار کن الفاظ میں کیا؟

ج: فرمایا! میسیڈونیا سے آنے والے ایک مہمان نے کہا کہ جلسے میں شامل ہو کر اس کی یادوں کے ساتھ واپس جا رہا ہوں۔ پھر میسیڈونیا کے ایک صاحب ہیں وہ کہتے ہیں زندگی میں پہلی دفعہ اتنے اچھے لوگوں سے ملا ہوں۔ مجھے سب سے زیادہ متاثر دین حق کے پیغام نے کیا ہے جو مجھے اب یہاں سے ملا۔ آپ کے پاس دیواروں پر جو پیغام لکھا ہوا ہے وہ صرف الفاظ نہیں ہیں بلکہ حقیقت میں آپ لوگ اس پر عمل کرتے ہیں۔ ان باتوں نے میرے دل پر بڑا گہرا اثر کیا ہے۔ پھر میسیڈونیا سے ہی ایک مہمان ہیں ٹونی (Toni) صاحب کہتے ہیں بطور صحافی میں دنیا کے مختلف پروگراموں میں شامل ہوا ہوں لیکن یہ سب سے اچھا پروگرام تھا۔ یہاں ڈسپلن تھا۔ مجھے اس بات نے سب سے زیادہ متاثر کیا کہ سب لوگ خدا کے نزدیک برابر ہیں۔ پھر میسیڈونیا سے آنے والے ایک مہمان کہتے ہیں کہ جلسے پر پہلی بار شامل ہوا ہوں اور میرے لئے سب کچھ نیا تھا میں نہیں جانتا تھا کہ دین حق میں ایسی جماعت بھی موجود ہے۔ اس جلسے میں شامل ہونے کے بعد اب اپنے آپ کو علمی طور پر بہتر محسوس کر رہا ہوں۔ اتنی بڑی تعداد میں لوگوں کا اکٹھا ہونا اور سب کی ضروریات کا خیال رکھنا یہ بہت بڑا کام ہے۔

س: ہنگری کے ایک دوست نے جلسہ جرمنی کی بابت اپنے جذبات کا اظہار کن الفاظ میں کیا؟

ج: فرمایا! ہنگری کے ایک دوست (Mezei) مے زے ای صاحب جلسے میں شامل ہوئے۔ جو عیسائی ہیں۔ وہ اپنے جذبات کا اظہار اس طرح کرتے ہیں کہ چھوٹا بڑا ہر کوئی ایک دوسرے کو سلام کر رہا تھا۔ پیار سے مل رہا تھا۔ مجھے ان لوگوں کی زبان تو سمجھ نہیں آئی لیکن ان کے چہرے کے تاثرات سے لگ رہا تھا کہ یہ لوگ پیار بانٹ رہے ہیں۔ میں نے دنیا دیکھی ہے اور مشرق سے لے کر مغرب تک اس قسم کا نظارہ نہیں دیکھا۔ مجھ پر اس جلسے کا عجیب اثر ہوا ہے۔ یقیناً میں اپنے دوستوں کو جاننے والوں کو بھی جماعت احمدیہ کے جلسے کے متعلق بتاؤں گا۔

س: حضور انور نے ہنگری سے آنے والے ایک وفد کے کس واقعہ کا ذکر فرمایا؟

ج: فرمایا! ہنگری سے آنے والے وفد میں ایک دوست اسماعیل صاحب شامل تھے۔ ان کا تعلق ویسے برکینا فاسو سے ہے لیکن ہنگری میں مقیم ہیں۔ وہاں کچھ عرصہ پہلے بیعت کر کے جماعت میں داخل ہو گئے اپنی بچیوں کے ساتھ، دو بچیاں ہیں ان کی، ان کے ساتھ آنا چاہتے تھے۔ ان کی اہلیہ ہنگیرین ہیں لیکن اہلیہ نے کہا کہ بچیوں کو علیحدہ میں نہیں جانے دوں گی پتا نہیں کن لوگوں میں تم جا رہے ہو۔ اس لئے بچیوں کی نانی ساتھ آئی تھی اور یہاں آ کے ان پہ جو اثر ہونا تھا ہوا۔ وڈیو جو ہے One community, one leader وہ دکھائی گئی۔ اس کا بھی ان پر خاص اثر ہوا اور جلسہ گاہ پہنچنے سے پہلے کہنے لگیں میں سر ڈھانکنے کے لئے کچھ نہیں لائی۔ بہرحال ساتھ والی عورتوں سے دوپٹہ مانگا اور سر ڈھانکا اور ملاقات کے دوران بھی بڑی جذباتی تھیں کہ یہ بالکل اور دنیا ہے جو میں دیکھ رہی ہوں جو ہمارے تحفظات تھے بالکل دور ہو گئے ہیں۔

س: جرمنی کے سلیمان صاحب نے اپنے خیالات کا اظہار کس طرح کیا؟

ج: فرمایا! جرمنی میں ایک دوست ہیں سلیمان صاحب۔ سینٹر ریپبلک آف افریقہ سے ان کا تعلق ہے۔ کہتے ہیں مجھے جلسے کی دعوت ملی تو میرا خیال تھا کہ پچاس یا سو لوگوں کی نشست ہو گی جس میں تھوڑی بہت باتیں ہوں گی اور کھانا پینا ہو گا۔ پھر سارے لوگ اپنے اپنے گھروں کو چلے جائیں گے لیکن یہاں آنے کے بعد تو میرا نظریہ بالکل بدل گیا ہے۔ ہزاروں کی تعداد میں افراد جمع تھے۔ میں تو جلسے کے نظارے کے اس سحر سے باہر نہیں نکل سکا۔ یہاں کی ہر چیز ہی مسحور کن ہے اور آپ کا دعوت الی اللہ کرنے کا انداز ہی نرالا ہے۔

س: مراکش کے ایک دوست نے جلسہ سالانہ کی بابت اپنے پیغام میں کیا کہا؟

ج: فرمایا! مراکش کے ایک دوست جو بیلجیم میں رہتے ہیں کہتے ہیں کہ اپنے جذبات کو بیان نہیں کر سکتا۔ ایسا روحانی نظارہ ہے جس نے میری روح کی گہرائی تک اثر کیا ہے۔ دین حق کی صحیح تصویر مجھے یہاں نظر آئی ہے۔ کہتے ہیں خلیفہ وقت کو دیکھ کر اور آپ کی تقاریر سن کر میرا نظریہ احمدیت کے بارے میں تبدیل ہو گیا ہے اور اللہ تعالیٰ مجھے ایسی بیعت کی توفیق دے کہ میں دین کا خادم اور حضرت مسیح موعود کے پیغام کو دنیا میں پھیلانے والا بنوں۔

س: حضور انور نے فرانس کے ایک نومبائع کے کون سے بیان کا ذکر فرمایا؟

ج: فرمایا! فرانس کے ایک نومبائع ہان لی انفان صاحب جزائر کوموروز کے رہنے والے ہیں۔ تین ہفتے پہلے ہی انہوں نے بیعت کی تھی۔ کہتے ہیں میں (۔) تو تھا مگر استقامت نہیں ملتی تھی۔ کل جب خلیفۃ المسیح کے پیچھے جمعہ پڑھا تو مجھے بہت مزہ آیا اور زندگی میں پہلی بار نماز میں رونا آیا۔ جماعت میں داخل ہونے سے قبل میرے سارے کام پھنسے ہوئے تھے لیکن جب سے احمدی ہوا ہوں میرے سارے کام آسان ہو گئے ہیں اور روزانہ خدا تعالیٰ کے نشان نظر آ رہے ہیں۔

س: لتھوینیا سے آنیوالے وکیل نے اپنے بیان میں کیا کہا؟

ج: فرمایا! لتھوینیا سے آنے والے ایک وکیل نے کہا کہ میں جلسے میں شامل ہو کر بہت متاثر ہوا ہوں۔ میں نے آپ کے خلیفہ کے خطابات سنے۔ دین حق کے بارے میں یہ میرے لئے نیا تجربہ ہے۔ یہاں آ کر مجھے دین حق کی حقیقی تعلیم کا علم ہوا ہے۔ میں آپ کا شکرگزار ہوں اور ایک وکیل ہونے کی حیثیت سے اب لتھوینیا میں آپ کی جماعت کی ایکٹویٹیز میں قانونی طور پر پوری مدد اور کوشش کروں گا اور آپ کا ساتھ دوں گا۔

س: مکرم عبداللہ صاحب نے اپنے قبولیت احمدیت کا کون سا واقعہ بیان فرمایا؟

ج: فرمایا! عبداللہ صاحب ایک سیرین ہیں۔ ان کے والد کئی سالوں سے احمدی تھے۔ عرصہ سے زیر رابطہ تھے ان کو دعا کے ذریعے رہنمائی حاصل کرنے کیلئے کہا گیا۔ جلسے کے دوسرے روز کہنے لگے میں بیعت کرنا چاہتا ہوں کیونکہ اللہ تعالیٰ نے مجھے نشان دکھا دیا ہے۔ کہنے لگے کہ رات میں نے اللہ تعالیٰ سے بڑے تضرع اور الحاح سے دعا کی اور رات کو جب سویا تو خواب میں دیکھا کہ بڑی سی دیوار پر جلی حروف میں الاحمدیہ لکھا ہوا ہے اور اس میں غیرمعمولی نور پھوٹ رہا ہے۔ اور اسی طرح جب میں جرمنوں سے خطاب کر رہا تھا کہتے ہیں اس دوران ہی میرے دل میں خواہش پیدا ہوئی کہ کاش میں خلیفۃ المسیح کے ساتھ اور آپ کے قرب میں کھڑے ہونے کا مجھے موقع مل جائے۔ کہتے ہیں کچھ دیر کے بعد ایسے محسوس ہوا جیسے ایک لمحے کے لئے مجھ پر غنودگی سی طاری ہوئی ہے اور میں نے دیکھا کہ میں سٹیج پر خلیفۃ المسیح کے پہلو میں کھڑا ہوں اور اس کے بعد کہتے ہیں کہ حق میرے پہ کھل گیا۔ چنانچہ انہوں نے بیعت کر لی۔

س: الجزائر کے ایک دوست نے جلسہ کے ماحول کی بابت کیا بیان کیا؟

ج: فرمایا! الجزائر کے ایک دوست ہیں۔ کہتے ہیں کہ ہر بار جلسے میں شرکت میرے ایمان میں غیرمعمولی اضافے کا سبب بنتی ہے اور ہر بار خدا تعالیٰ کے بے بہا نصرتوں کے نظارے دیکھتا ہوں۔ جلسے میں مجھے محسوس ہوا جیسے میں جنت میں ہوں۔ یہاں زبانوں اور طبیعتوں اور قوموں کے اختلاف کے باوجود ہر طرف سے سلامتی کی دعا ملتی ہے۔

باقی صفحہ 7 پر

حضرت مسیح موعود کی تحریرات کی رُو سے

رمضان کے روزوں کا فدیہ اور چند مسائل کا حل

جو لوگ پیر فرتوت یا دائم المریض ہونے یا کسی خاص مجبوری کی وجہ سے سارا سال کسی وقت بھی روزہ نہ رکھ سکتے ہوں ان کیلئے حکم ہے کہ وہ حسب مقدرت رمضان کے روزوں کے بدلہ میں ایک مسکین کو کھانا کھلا دیا کریں۔ اس حکم کی وضاحت کرتے ہوئے حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

’’اللہ تعالیٰ نے شریعت کی بنا آسانی پر رکھی ہے۔ جو مسافر اور مریض صاحب مقدرت ہوں ان کو چاہئے کہ روزہ کی بجائے فدیہ دے دیں۔ فدیہ یہ ہے کہ ایک مسکین کو کھانا کھلایا جائے۔‘‘

(البدر۔ مورخہ 17/ اکتوبر 1907ء صفحہ 7)

حضور کے اس ارشاد کی وضاحت کرتے ہوئے ایڈیٹر صاحب ’بدر‘ اخبار کے اگلے شمارہ میں لکھتے ہیں:۔

گزشتہ پرچہ اخبار نمبر 42 مورخہ 17/ اکتوبر 1907ء کے صفحہ 7 کالم اول میں یہ لکھا گیا تھا کہ......

’’جو مریض اور مسافر صاحب مقدرت ہوں ان کو چاہئے کہ روزہ کی بجائے فدیہ دیں۔‘‘

اس جگہ مریض اور مسافر سے مراد وہ لوگ ہیں جن کو کبھی امید نہیں کہ پھر روزہ رکھنے کا موقع مل سکے۔ مثلاً ایک نہایت بوڑھا ضعیف انسان یا ایک کمزور حاملہ عورت جو دیکھتی ہے کہ بعد وضع حمل بسبب بچے کو دودھ پلانے کے وہ پھر معذور ہو جائے گی اور سال بھر اسی طرح گزر جائے گا۔ ایسے اشخاص کے واسطے جائز ہو سکتا ہے کہ وہ روزہ نہ رکھیں کیونکہ وہ روزہ رکھ ہی نہیں سکتے اور فدیہ دیں باقی اور کسی کے واسطے جائز نہیں کہ صرف فدیہ دے کر روزے کے رکھنے سے معذور سمجھا جا سکے۔

چونکہ اخبار ’بدر‘ کی مذکورہ بالا عبارت صاف نہ تھی اس واسطے یہ مسئلہ دوبارہ حضرت اقدس کی خدمت میں پیش ہوا۔ آپ نے فرمایا:

’’صرف فدیہ تو شیخ فانی یا اس جیسوں کے واسطے ہو سکتا ہے جو روزہ کی طاقت کبھی بھی نہیں رکھتے۔ ورنہ عوام کے واسطے جو صحت پا کر روزہ رکھنے کے قابل ہو جاتے ہیں صرف فدیہ کا خیال کرنا اباحت کا دروازہ کھول دینا ہے۔ جس دین میں مجاہدات نہ ہوں وہ دین ہمارے نزدیک کچھ نہیں۔ اس طرح سے خدا تعالیٰ کے بوجھوں کو سر پر سے ٹالنا سخت گناہ ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ جو لوگ میرے راہ میں مجاہدہ کرتے ہیں ان کو ہی ہدایت دی جاوے گی۔ فرمایا:۔

خدا تعالیٰ نے دین ...... میں پانچ مجاہدات مقرر فرمائے ہیں۔ نماز، روزہ، زکوٰۃ صدقات، حج، ......دشمن کا ذبّ اور دفع خواہ سیفی ہو۔ خواہ قلمی۔ یہ پانچ مجاہدے قرآن شریف سے ثابت ہیں۔......کو چاہئے کہ ان میں کوشش کریں اور ان کی پابندی کریں۔ یہ روزے تو سال میں ایک ماہ کے ہیں۔ بعض اہل اللہ تو نوافل کے طور پر اکثر روزے رکھتے رہتے ہیں اور ان میں مجاہدہ کرتے ہیں۔ ہاں دائمی روزے رکھنا منع ہیں یعنی ایسا نہیں چاہئے کہ آدمی ہمیشہ روزے ہی رکھتا رہے بلکہ ایسا کرنا چاہئے کہ نفلی روزہ کبھی رکھے اور کبھی چھوڑ دے۔‘‘

(بدر۔ مورخہ 24/ اکتوبر 1907ء، صفحہ 3 بحوالہ تفسیر حضرت مسیح موعود سورۃ البقرہ، صفحہ 263)

فدیہ کی غرض

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں۔

ایک دفعہ میرے دل میں خیال آیا کہ فدیہ کس لئے مقرر کیا گیا ہے تو معلوم ہوا کہ توفیق کے واسطے ہے۔ تا کہ روزہ کی توفیق اس سے حاصل ہو۔ خدا تعالیٰ ہی کی ذات ہے جو توفیق عطا کرتی ہے اور ہر شے خدا ہی سے طلب کرنی چاہئے۔ خدا تعالیٰ تو قادر مطلق ہے وہ اگر چاہے تو ایک مدقوق کو بھی روزہ کی طاقت عطا کر سکتا ہے۔ تو فدیہ سے یہی مقصود ہے کہ وہ طاقت حاصل ہو جائے اور یہ خدا تعالیٰ کے فضل سے ہوتا ہے۔ پس میرے نزدیک خوب ہے کہ (انسان) دعا کرے کہ الٰہی یہ تیرا ایک مبارک مہینہ ہے اور میں اس سے محروم رہا جاتا ہوں اور کیا معلوم کہ آئندہ سال زندہ رہوں یا نہ یا ان فوت شدہ روزوں کو ادا کر سکوں یا نہ اور اس سے توفیق طلب کرے تو مجھے یقین ہے کہ ایسے دل کو خدا تعالیٰ طاقت بخش دے گا۔

اگر خدا تعالیٰ چاہتا تو دوسری امتوں کی طرح اس امت میں کوئی قید نہ رکھتا مگر اس نے قیدیں بھلائی کے واسطے رکھی ہیں۔ میرے نزدیک اصل یہی ہے کہ جب انسان صدق اور کمال اخلاص سے باری تعالیٰ میں عرض کرتا ہے کہ اس مہینے میں مجھے محروم نہ رکھ تو خدا تعالیٰ اسے محروم نہیں رکھتا اور ایسی حالت میں اگر انسان ماہ رمضان میں بیمار ہو جائے تو یہ بیماری اس کے حق میں رحمت ہوتی ہے۔ کیونکہ ہر ایک عمل کا مدار نیت پر ہے۔ مومن کو چاہئے کہ وہ اپنے وجود سے اپنے آپ کو خدا تعالیٰ کی راہ میں دلاور ثابت کر دے۔ جو شخص کہ روزے سے محروم رہتا ہے مگر اس کے دل میں یہ نیت دردِ دل سے تھی کہ کاش میں تندرست ہوتا اور روزہ رکھتا اور اس کا دل اس بات کے لئے گریاں ہے تو فرشتے اس کے لئے روزے رکھیں گے بشرطیکہ وہ بہانہ جُو نہ ہو تو خدا تعالیٰ ہرگز اسے ثواب سے محروم نہ رکھے گا۔

یہ ایک باریک امر ہے کہ اگر کسی شخص پر (اپنے نفس کے کسل کی وجہ سے) روزہ گراں ہے اور وہ اپنے خیال میں گمان کرتا ہے کہ میں بیمار ہوں اور میری صحت ایسی ہے کہ اگر ایک وقت نہ کھاؤں تو فلاں فلاں عوارض لاحق ہوں گے اور یہ ہوگا اور وہ ہوگا تو ایسا شخص جو خدا تعالیٰ کی نعمت کو خود اپنے اوپر گراں گمان کرتا ہے۔ کب اس ثواب کا مستحق ہوگا۔ ہاں وہ شخص جس کا دل اس بات سے خوش ہے کہ رمضان آ گیا اور میں اس کا منتظر تھا کہ آوے اور روزہ رکھوں اور پھر وہ بوجہ بیماری کے روزہ نہیں رکھ سکا تو وہ آسمان پر روزے سے محروم نہیں ہے۔ اس دنیا میں بہت لوگ بہانہ جُو ہیں اور وہ خیال کرتے ہیں کہ ہم جیسے اہل دنیا کو دھوکہ دے لیتے ہیں ویسے ہی خدا کو فریب دیتے ہیں۔ بہانہ جُو اپنے وجود سے آپ مسئلہ تراش کرتے ہیں اور تکلفات شامل کر کے ان مسائل کو صحیح گردانتے ہیں۔ لیکن خدا تعالیٰ کے نزدیک وہ صحیح نہیں۔ تکلفات کا باب بہت وسیع ہے۔ اگر انسان چاہے تو اس (تکلف) کی رو سے ساری عمر بیٹھ کر نماز پڑھتا رہے اور رمضان کے روزے بالکل نہ رکھے مگر خدا اس کی نیت اور ارادہ کو جانتا ہے جو صدق اور اخلاص رکھتا ہے۔ خدا تعالیٰ جانتا ہے کہ اس کے دل میں درد ہے اور خدا تعالیٰ اسے ثواب سے زیادہ بھی دیتا ہے کیونکہ دردِ دل ایک قابل قدر شئے ہے۔ حیلہ جو انسان تاویلوں پر تکیہ کرتے ہیں لیکن خدا تعالیٰ کے نزدیک یہ تکیہ کوئی شئے نہیں۔ جب میں نے چھ ماہ روزے رکھے تھے تو ایک دفعہ ایک طائفہ ...... کا مجھے (کشف میں) ملا اور انہوں نے کہا کہ تو نے کیوں اپنے نفس کو اس قدر مشقت میں ڈالا ہوا ہے، اس سے باہر نکل اسی طرح جب انسان اپنے آپ کو خدا کے واسطے مشقت میں ڈالتا ہے تو وہ خود ماں باپ کی طرح رحم کر کے اسے کہتا ہے کہ تو کیوں مشقت میں پڑا ہوا ہے۔

(ملفوظات۔ جلد 2، صفحہ 563)

ایک شخص نے سوال کیا کہ میں نے آج سے پہلے کبھی روزہ نہیں رکھا اس کا کیا فدیہ دوں۔

فرمایا: خدا ہر شخص کو اس کی وسعت سے باہر دکھ نہیں دیتا۔ وسعت کے موافق گذشتہ کا فدیہ دیدو اور آئندہ عہد کرو کہ سب روزے ضرور رکھوں گا۔

(تفسیر حضرت مسیح موعود سورۃ البقرہ صفحہ 263)

وعلی الّذین یطیقونہ کی نسبت فرمایا کہ اس کے معنی یہ ہیں کہ جو طاقت نہیں رکھتے۔

(بدر مورخہ 26 ستمبر 1907 صفحہ 7)

فدیہ رمضان کے متعلق فرمایا:۔

خواہ اپنے شہر میں کسی مسکین کو کھلائے یا یتیم اور مسکین فنڈ میں بھیج دے۔

(بدر۔ مورخہ 7 فروری 1907ء، صفحہ 4)

روزہ کے چند مسائل

روزہ کے بارہ میں کچھ باتیں حضور سے دریافت بھی کی گئیں جن کے حضور نے فیصلہ کن جوابات دیئے۔ وہ درج ذیل ہیں:۔

ایک شخص کا سوال حضرت صاحب کی خدمت میں پیش ہوا کہ روزہ دار کو آئینہ دیکھنا جائز ہے یا نہیں۔

فرمایا: جائز ہے۔

اسی طرح ایک اور سوال پیش ہوا کہ حالت روزہ میں سر کو یا ڈاڑھی کو تیل لگانا جائز ہے یا نہیں۔

فرمایا: جائز ہے۔

سوال پیش ہوا کہ روزہ دار کو خوشبو لگانا جائز ہے یا نہیں۔

فرمایا: جائز ہے۔

سوال پیش ہوا کہ روزہ دار آنکھوں میں سرمہ ڈالے یا نہ ڈالے۔

فرمایا: مکروہ ہے اور ایسی ضرورت ہی کیا ہے کہ دن کے وقت سرمہ لگائے۔ رات کو سرمہ لگا سکتا ہے

(بدر۔ مورخہ 7 فروری 1907ء، صفحہ 4)

فرمایا: کہ بے خبری میں کھایا پیا تو اس پر اس روزے کے بدلے میں دوسرا روزہ لازم نہیں آتا۔

(الحکم۔ مورخہ 24 فروری 1907ء صفحہ 14)

ایک شخص کا حضرت صاحب کی خدمت میں سوال پیش ہوا کہ آنحضرت ﷺ کے وصال کے دن روزہ رکھنا ضروری ہے کہ نہیں۔

فرمایا: ضروری نہیں ہے۔

اسی شخص کا سوال پیش ہوا کہ محرم کے پہلے دس دن کا روزہ رکھنا ضروری ہے کہ نہیں؟

فرمایا: ضروری نہیں ہے۔

(بدر۔ مورخہ 14 مارچ 1907ء صفحہ 5)

ایک شخص کا سوال پیش ہوا کہ میں مکان کے اندر بیٹھا ہوا تھا اور میرا یقین تھا کہ ہنوز روزہ رکھنے کا وقت ہے اور میں نے کچھ کھا کر روزہ کی نیت کی۔ مگر بعد میں ایک دوسرے شخص سے معلوم ہوا کہ اس وقت سفیدی ظاہر ہو گئی تھی۔ اب میں کیا کروں۔ حضرت نے فرمایا کہ ایسی حالت میں اس کا روزہ ہو گیا۔ دوبارہ رکھنے کی ضرورت نہیں کیونکہ اپنی طرف سے اس نے احتیاط کی اور نیت میں فرق نہیں صرف غلطی لگ گئی اور چند منٹوں کا فرق پڑ گیا۔

(بدر۔ مورخہ 14 فروری 1907ء صفحہ 8)

سوال پیش ہوا کہ بعض اوقات رمضان ایسے موسم میں آتا ہے کہ کاشت کاروں سے جب کہ کام کی کثرت مثل تخم ریزی و درودگی ہوتی ہے ایسے ہی مزدوروں سے جن کا گزارہ مزدوری پر ہے روزہ نہیں رکھا جاتا۔ ان کی نسبت کیا ارشاد ہے۔

فرمایا: الاعمال بالنیاّت یہ لوگ اپنی حالتوں کو مخفی رکھتے ہیں۔ ہر شخص تقویٰ وطہارت سے اپنی حالت سوچ لے اگر کوئی اپنی جگہ مزدوری پر رکھ سکتا ہے تو ایسا کرے ورنہ مریض کے حکم میں ہے پھر جب میسر ہو رکھ لے۔

(بدر۔ مورخہ 26 ستمبر 1907ء صفحہ 7)

ایک سوال کے جواب میں کہ جہاں چھ ماہ تک سورج نہیں چڑھتا روزہ کیونکر رکھیں۔ فرمایا:۔

’’اگر ہم نے لوگوں کی طاقتوں پر ان کی طاقتوں کو قیاس کرنا ہے تو انسانی قویٰ کی جڑھ جو حمل کا زمانہ ہے مطابق کر کے دکھلانا چاہیے۔ پس ہمارے حساب کی اگر پابندی لازم ہے تو ان بلاد میں صرف ڈیڑھ دن میں حمل ہونا چاہئے اور اگر ان کے حساب کی تو دو سو چھیاسٹھ برس تک بچہ پیٹ میں رہنا چاہئے اور یہ ثبوت آپ کے ذمہ ہے۔ حمل صرف ڈیڑھ دن تک رہتا ہے لیکن دو سو چھیاسٹھ برس کی حالت میں یہ تو ماننا کچھ بعید از قیاس نہیں کہ وہ چھ ماہ تک روزہ بھی رکھ سکتے ہیں کیونکہ ان کے دن کا یہی مقدار ہے اور اس کے مطابق ان کے قویٰ بھی ہیں۔ (جنگ مقدس۔ دینی خزائن۔ جلد 6، صفحہ 277)

مکرم غلام مصباح بلوچ صاحب

حضرت سید امیر علی شاہ صاحب۔ سیالکوٹ

یکے از تین صد تیرہ رفقاء احمد

حضرت اقدس مسیح موعود کے دعویٰ ماموریت پر جن خوش نصیب لوگوں کو اس پاک سلسلہ میں آنے کی توفیق ملی اُن میں ضلع سیالکوٹ کے تین بھائیوں حضرت سید احمد علی شاہ صاحب (وفات 1910ء)، حضرت سید خصیلت علی شاہ صاحب (وفات 1898ء) اور حضرت سید امیر علی شاہ صاحب کو بھی آغاز سلسلہ میں ہی قبول احمدیت کی سعادت حاصل ہوئی اور یہ تینوں بھائی حضرت اقدس کے رقم فرمودہ 313 کبار رفقاء میں شامل ہیں۔ مضمون ہذا میں حضرت سید امیر علی شاہ صاحب کا ذکر خیر کیا جا رہا ہے۔

حضرت سید امیر علی شاہ صاحب ولد سید ہدایت شاہ صاحب اصل میں تالو مہی تحصیل پسرور ضلع سیالکوٹ کے رہنے والے تھے، آپ کا اصل نام علاء الدین تھا۔ آپ محکمہ پولیس میں ملازم تھے۔ آپ کی شادی حضرت حکیم میر حسام الدین صاحب سیالکوٹی کی بیٹی حضرت محمودہ بیگم صاحبہ کے ساتھ ہوئی، آپ کے بھائی حضرت سید خصیلت علی شاہ صاحب کی شادی بھی اسی گھر میں ہوئی تھی اس طرح دونوں بھائی حضرت حکیم میر حسام الدین صاحب کے داماد اور حضرت میر حامد شاہ صاحب کے بہنوئی تھے۔ آپ نے مئی 1891ء میں قبول احمدیت کی توفیق پائی، آپ کی بیعت کا اندراج رجسٹر بیعت میں اس طرح درج ہے:

29 مئی 1891ء سید امیر علی داماد حکیم حسام الدین صاحب سیالکوٹی نام اصل علاء الدین عرف امیر علی شاہ ولد سید ہدایت شاہ قوم سید سکنہ اصل تالو مہی تحصیل پسرور ضلع سیالکوٹ۔ ملازم پولیس سارجنٹ درجہ سوئم

(بحوالہ تاریخ احمدیت جلد اول صفحہ 355)

آپ کی اہلیہ محترمہ نے حضور اقدس کے سفر سیالکوٹ 1892ء کے موقع پر بیعت کی توفیق پائی، ان کی بیعت کا اندراج بھی رجسٹر بیعت اولیٰ میں اس طرح درج ہے:

7 فروری 1892 محمودہ بیگم زوجہ سید امیر علی شاہ سیالکوٹ

(تاریخ احمدیت جلد اول صفحہ 358)

حضرت شاہ صاحب نے قبول احمدیت کے بعد اخلاص و وفا میں بہت ترقی کی یہاں تک کہ حضرت اقدس مسیح موعود بھی آپ کو نہایت پیار اور محبت کی نگاہ سے دیکھتے اور آپ کا بہت خیال رکھتے۔ حضرت اقدس نے جب اپنی کتاب ''ازالہ اوہام'' تصنیف فرمائی تو اس میں اپنے مخلص مبایعین کا بھی ذکر فرمایا جس کے ساتھ ہی حضرت اقدس نے یہ الفاظ تحریر فرمائے ہیں:

''یہ سب صاحب علیٰ حسب مراتب اس عاجز کے مخلص دوست ہیں بعض ان میں سے اعلیٰ درجہ کا اخلاص رکھتے ہیں اسی اخلاص کے موافق جو اس عاجز کے منتخب دوستوں میں پایا جاتا ہے۔ اگر مجھے طول کا اندیشہ نہ ہوتا تو میں جداگانہ ان کے مخلصانہ حالات لکھتا''۔

(ازالہ اوہام۔ دینی خزائن جلد 3 صفحہ 545)

ان مخلصین میں آپ کا نام ''حبی فی اللہ سید امیر علی'' بھی درج ہے۔

کتاب ''آئینہ کمالات اسلام'' میں حضرت اقدس نے آپ کو ''حبی فی اللہ السید امیر علی شاہ'' کے الفاظ سے ذکر فرمایا ہے۔

(دینی خزائن جلد 5 صفحہ 582)

اسی کتاب میں جلسہ سالانہ 1892ء کے شاملین کی فہرست درج ہے جس میں آپ کا نام 32ویں نمبر پر درج ہے نیز اس موقع پر ماہوار اور سالانہ چندہ کا وعدہ کرنے والوں میں بھی آپ کا نام شامل ہے۔

(دینی خزائن جلد 5 صفحہ 617, 632)

کتاب انجام آتھم میں رقم فرمودہ تین صد تیرہ کبار رفقاء کی فہرست میں آپ کا نام 79ویں نمبر پر ''سید امیر علی شاہ صاحب سارجنٹ سیالکوٹ'' درج ہے۔

(انجام آتھم۔ دینی خزائن جلد 11 صفحہ 326)

اسی طرح آپ کا نام کتاب سراج منیر میں درج ''فہرست آمدنی چندہ برائے طیاری مہمان خانہ و چاہ وغیرہ'' میں موجود ہے۔ پھر کتاب تحفہ قیصریہ میں جلسہ ڈائمنڈ جوبلی کے شرکاء جلسہ کی فہرست میں بھی آپ کا نام 74 نمبر پر درج ہے۔

(دینی خزائن جلد 12) کتاب البریہ میں درج ایک فہرست میں آپ کا نام 36ویں نمبر پر درج ہے۔

(کتاب البریہ۔ دینی خزائن جلد 13 صفحہ 351)

کتاب نزول المسیح میں حضور نے پیشگوئی نمبر 60 بابت مقدمہ ہنری مارٹن کلارک میں آپ کا نام گواہوں میں شامل فرمایا ہے۔

(نزول المسیح۔ دینی خزائن جلد 18 صفحہ 576)

کتاب حقیقۃ الوحی میں اپنے ایک الہام ''پچیس دن۔ یا یہ کہ پچیس دن تک'' کی صداقت کے گواہوں میں آپ کا نام 42ویں نمبر پر ''سید امیر علی شاہ صاحب سب انسپکٹر پولیس جلال آباد ضلع فیروز پور'' درج ہے اور ساتھ ہی آپ کا تصدیقی خط درج ہے:

''31 مارچ کو آسمان پر ایک ہولناک آگ دکھائی دی جس کو ہزاروں انسانوں نے دیکھا، خدا کی پیشگوئی جیسا کہ بیان کیا گیا تھا ویسا ہی پوری ہوگئی۔''

(حقیقۃ الوحی۔ دینی خزائن جلد 22 صفحہ 531)

کتاب چشمہ معرفت میں حضور نے آپ کا نام تبرکات باوا نانک بمقام گرو ہرسہائے کی زیارت کرنے والوں میں یوں درج فرمایا ہے:

''ہماری جماعت کے معزز ارکان میں سے جس جس صاحب نے موقعہ پر پہنچ کر اس قرآن شریف کی زیارت کی ہے ان صاحبان کے نام یہ ہیں:

(4) سید امیر علی شاہ صاحب سب انسپکٹر جلال آباد''

(چشمہ معرفت۔ دینی خزائن جلد 23 صفحہ 353)

1891ء میں حضرت اقدس مسیح موعود دہلی تشریف لے گئے جہاں بعد ازاں مولوی محمد بشیر بھوپالوی صاحب کے ساتھ مباحثہ المعروف ''الحق دہلی'' عمل میں آیا، حضرت اقدس کے اس سفر دہلی کے موقع پر جو مخلصین دہلی پہنچے اُن میں حضرت سید امیر علی شاہ صاحب بھی شامل تھے۔ جب مولوی محمد بشیر بھوپالوی صاحب مباحثہ کے لئے حضرت اقدس کی قیام گاہ پر آئے تو حضرت سید شاہ صاحب نے ہی بالاخانہ جاکر حضرت اقدس کو ان کے آنے کی اطلاع دی۔ دہلی میں ہی ایک شخص مرزا حیرت دہلوی ایک روز مصنوعی انسپکٹر بن کر آیا اور حضرت مسیح موعود سے کہا کہ میں انسپکٹر ہوں، سرکار سے حکم ہوا ہے کہ یہاں سے چلے جاؤ ورنہ تمہارے حق میں اچھا نہ ہوگا۔ حضرت اقدس نے ان کے کہنے پر بالکل خیال تک نہ کیا، حضرت سید امیر علی شاہ صاحب وہیں موجود تھے آپ چونکہ پولیس اہلکار تھے، آپ نے ایک بات کی تو مرزا حیرت صاحب حیرت میں ہوگئے اور چل دیئے ایک دم ٹھہر نہ سکے۔

(تذکرۃ المہدی از حضرت پیر سراج الحق نعمانی صاحب۔ صفحہ 234)

اسی قیام دہلی کے دوران ایک دن دہلی والے شرارت کی راہ سے حضرت اقدس پر یورش کر کے کئی سو آدمی آگئے چونکہ دروازہ زینہ کا تنگ تھا اس لئے ایک ایک کر کے چڑھنے لگے اتنے میں حضرت سید امیر علی شاہ صاحب آگئے ...... آپ قوی الجثہ تھے ...... ایک ہی دھکے میں سب ایک دوسرے پر گر پڑے اور فرار ہوگئے اور سوائے گالیاں دینے اور ٹھٹھا بازی کرنے کے اور کچھ نہ کر سکے۔

(تذکرۃ المہدی صفحہ 258)

آپ اکثر حضرت اقدس کی خدمت میں حاضری دیتے، حضرت میر مہدی حسین صاحب (وفات 31/اگست 1941ء) بیان کرتے ہیں:

''حضرت صاحب 1905ء کے زلزلہ کے بعد باغ میں رونق افروز تھے، ایک خیمہ باہر مہمانوں کے لیے نصب تھا اور اس میں مولوی عبدالکریم صاحب، پیر منظور محمد صاحب، میاں شادی خاں صاحب اور عاجز رہا کرتے تھے۔ سید امیر علی شاہ کورٹ انسپکٹر صاحب ساکن سیالکوٹ آئے، درختوں کے نیچے ہی رات کو سوئے تھے، رات کو جھکڑ چلنے کی وجہ سے ان کو بہت تکلیف ہوئی۔ مولوی عبدالکریم صاحب نے اس کا ذکر حضرت صاحب سے کیا، حضور نے مجھے بلوا کر فرمایا کہ میاں مہدی حسین ہم نے یہ خیمہ اپنے مہمانوں کے لئے لگایا تھا، ہمارے سید امیر علی شاہ کو رات تکلیف ہوئی اور کسی نے ان کی خبر بھی نہیں لی۔ میں نے عرض کیا کہ حضور مجھے ان کی تکلیف کی خبر نہیں، آدھی رات کے قریب جھکڑ آیا تھا میں سوتا تھا، میں حضور کے حکم کے مطابق یہاں آیا ہوں حضور حکم دیں وہاں چلا جاؤں گا خواہ حضور کسی درخت کے نیچے رہنے کا حکم فرماویں یا حد آبادی کے اندر۔ حضور نے فرمایا: ہاں تم گاؤں میں چلے جاؤ''۔

(سیرت احمد از حضرت مولوی قدرت اللہ سنوری صاحب۔ صفحہ 102)

اسی موقع کا ذکر ملفوظات میں بھی محفوظ ہے، 5/اپریل 1905ء کی ڈائری میں لکھا ہے:

''سید امیر علی شاہ صاحب ڈپٹی انسپکٹر کو مخاطب کر کے نہایت لطف و مہربانی کے ساتھ حضرت نے فرمایا کہ ''آپ کو کوئی تکلیف تو نہیں ہوئی''۔

انہوں نے عرض کیا کہ حضور کے قدموں میں حاضری نصیب ہو تو پھر تکلیف کس بات کی، یہاں تو جو ہو سب راحت ہی راحت ہے۔ حضرت نے فرمایا:

ہاں رحمت الٰہی کے دن ہیں گو دوسروں کے واسطے عذاب کے دن ہیں مگر ہمارے واسطے نصرۃ الحق کے ایام ہیں''۔

(ملفوظات حضرت مسیح موعود جلد چہارم صفحہ 257)

اور اسی موقع پر حضرت سید امیر علی شاہ صاحب کے نام آنے والا ایک خط حضرت اقدس کی خدمت میں پڑھا گیا جس میں لکھنے والے نے زلزلہ کی وجہ سے آنے والی تباہی کا ذکر کیا تھا، حضور نے فرمایا:

''ابھی آگے آنے والا اس سے بھی سخت نظر آتا ہے مگر لوگوں کی حالت یہ ہے کہ ابھی تک ہنسی ٹھٹھے سے باز نہیں آتے۔ خدا کا دن اچانک آنے والا ہے''۔

(ملفوظات حضرت مسیح موعود جلد چہارم صفحہ 268)

حضرت پیر برکت علی صاحب (وفات: جون 1924ء) برادر اکبر حضرت حافظ روشن علی صاحب بیان کرتے ہیں:

''ایک دن حضرت صاحب (بیت) مبارک میں تشریف فرما تھے، آپ نے فرمایا کہ تہجد ضرور پڑھنی چاہیے، حتی الامکان جہاں تک کوشش ہو سکے ہر آدمی توجہ کرے خواہ دو ہی نفل پڑھے مگر پڑھے سہی۔ سید امیر علی شاہ صاحب ڈپٹی انسپکٹر پولیس وہاں موجود تھے انہوں نے عرض کی کہ حضور میں آج کل تھانہ ...... میں ہوں وہاں سانپ بہت کثرت سے ہوتے ہیں اگر پاؤں نیچے اتاروں وہ ڈس لیں، اس لئے مشکل ہے۔ آپ نے فرمایا کہ چارپائی پر ہی پڑھ لیا کریں۔ پاس سے مولوی عبدالکریم صاحب نے کہا آپ قُل ...... پڑھ کر اپنے ہاتھوں پر اور بدن پر دم کرلیا کریں پھر ان شاء اللہ کوئی چیز ضرر

نہ دے سکے گی۔ حضرت صاحب نے فرمایا اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہ پڑھ کر ہاتھوں پر پھونک کر بدن پر مَل لیا کریں پھر ان شاء اللہ کوئی موذی ضرر نہ دے سکے گا۔‘‘

(سیرت احمد از حضرت مولوی قدرت اللہ سنوری صاحب۔ صفحہ 162)

ایک مرتبہ آپ نے حضرت اقدس مسیح موعود کی خدمت میں ایک خوبصورت ٹرنک بطور تحفہ پیش کیا۔ یہ ٹرنک آپ نے سیالکوٹ کے ایک احمدی تاجر حضرت محمد دین صاحب سیالکوٹی کے کارخانہ سے خاص آرڈر پر بنوایا تھا جس میں لکھنے پڑھنے کے سامان کے لئے متفرق خانے بنے ہوئے تھے...... اور وہ بلحاظ اپنی مضبوطی، خوبصورتی اور کارآمد شے کے ہر طرح عمدہ تھا۔ حضرت اقدس نے اس ٹرنک کو بہت پسند فرمایا۔

(الحکم 24 جون 1905ء صفحہ 12 کالم 2)

حضرت حکیم دین محمد صاحب (وفات: 25 مئی 1983ء) بیان کرتے ہیں:

’’ایک صاحب سید امیر علی شاہ سیالکوٹی سب انسپکٹر پولیس احمدی تھے، اکثر حضرت اقدس کی خدمت میں بڑی ارادت سے آیا کرتے تھے۔ ایک دفعہ آپ ایک ڈاکو وعدہ معاف کو حضرت اقدس کی خدمت میں لے آئے جس نے دعا کی درخواست کی، حضور نے اس کو سچی توبہ کرنے کے متعلق نصائح فرمائیں اور دعا کا وعدہ کیا‘‘۔

(الفضل 22 جولائی 1943ء صفحہ 3 کالم 3)

21 مارچ 1908ء کو سر جیمز ولسن (James Wilson) فنانشل کمشنر پنجاب ہمراہ C. M. King ڈپٹی کمشنر ضلع گورداسپور ایک روزہ دورے پر قادیان تشریف لائے اس موقعہ پر جو احمدی احباب قادیان میں موجود تھے ان میں حضرت سید امیر علی شاہ صاحب سب انسپکٹر پولیس جلال آباد بھی موجود تھے۔

(بدر 26 مارچ 1908ء صفحہ 2 کالم 2)

حضرت مصلح موعود بیان کرتے ہیں کہ حضرت مسیح موعود نے اپنے بارہ رفقاء کو اپنے بارہ حواریوں کا نام دیا تھا جن میں حضرت سید امیر علی شاہ صاحب بھی شامل تھے۔

(رسالہ خالد دسمبر 1957ء صفحہ 10 ذکر حبیب نمبر)

خلافت ثانیہ کے موقع پر آپ کا نام ان لوگوں کی فہرست میں ملتا ہے جنہوں نے اس بات کا اظہار کیا کہ جماعت احمدیہ کے سربرآوردہ و اہل الرائے اصحاب کو موجودہ مشکلات کے حل کے لئے کسی تاریخ شوریٰ کے لئے جمع کیا جائے۔ (پیغام صلح 22 مارچ 1914ء صفحہ 4) آپ نے خلافت ثانیہ کی بیعت نہیں کی لیکن آخری عمر میں آپ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کی طرف بہت زیادہ میلان رکھتے تھے۔ آپ نے 11/اکتوبر 1927ء کو وفات پائی، اخبار الفضل نے خبر وفات دیتے ہوئے لکھا:

’’سید امیر علی شاہ صاحب مرحوم۔ جناب شاہ صاحب کچھ عرصہ بیمار رہنے کے بعد فوت ہوگئے ہیں، جب ان کی فوتیدگی کی اطلاع حضرت خلیفۃ المسیح ثانی کو پہنچی تو حضور نے جمعہ کے دن ان کا جنازہ پڑھایا اور ان کے متعلق مختصر سی تقریر بھی فرمائی۔ جناب شاہ صاحب مرحوم کے بھتیجے سید سمیع اللہ صاحب متعلم علی گڑھ کالج حضور کی خدمت میں کہتے ہیں:

